وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا

اور اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو

تعلیم مصطفیٰ ﷺ

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ

کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔

اے بندے محبت سے یہ احساس پیدا کرلے کہ **اَللّٰہ** دیکھ رہا ہے

بہترین بات وطریقہ:

سب سے اچھی بات کتاب اللہ اور سب سے اچھا طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ ہے۔ (صحیح بخاری:7277)

1 **جان ومال اللہ کے لیے:**	اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی جانوں اور مالوں کو جنت کے عوض خرید لیا ہے۔ (سورۃ التوبۃ: 111)
2 **جینا مرنا اللہ کے لیے:**	نماز، قربانی (عبادت) اور جینا اور مرنا اللہ ہی کے لیے ہے۔ (سورۃ الانعام:163)
3 **عبادت ومدد مانگنا:**	ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد چاہتے ہیں۔ (سورۃ فاتحہ:4)
4 **خرچ میں اعتدال:**	اسراف نہ کرو، بخل نہ کرو اور اعتدال کے ساتھ خرچ کرو۔ (سورۃ الفرقان:67)
5 **صرف اللہ کو پکارنا:**	اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے۔ (سورۃ الفرقان:68)
6 **شرک، قتل اور زنا:**	ناحق قتل اور زنا نہ کرو۔ (سورۃ الفرقان:68) شرک نہ کرو، شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔ (سورۃ لقمان:13)
7 **شکر گزاری:**	اللہ تعالیٰ اور والدین کی شکر گزاری کرنا۔ (سورۃ لقمان:14)
8 **بھلائی، برائی:**	نماز قائم کرو، اچھائی کا حکم کرو، برائی سے منع کرو، مصیبت پر صبر کرو۔ (سورۃ لقمان:17)
9 **تکبر نہ کرو:**	تکبر کرنے والے، اکڑ کر چلنے والے اور شیخی خوری کرنے والوں کو اللہ پسند نہیں کرتا۔ (سورۃ لقمان:18)
10 **عاجزی اختیار کرو:**	عاجزی اختیار کرو اور اپنی آواز پست رکھو۔ (سورۃ لقمان:19)
11 **عدل کرو:**	عدل وانصاف کرنے والوں سے اللہ محبت کرتا ہے۔ (سورۃ الحجرات:9)
12 **مسلمان بھائی بھائی ہیں:**	مسلمان بھائی بھائی ہیں (اگر ناراض ہوجائیں) تو صلح کرادیا کرو۔ (سورۃ الحجرات:10)
13 **مذاق نہ اڑاؤ:**	مذاق نہ اڑاؤ، عیب نہ لگاؤ، بڑے القاب سے نہ پکارو۔ (سورۃ الحجرات:11)
14 **بدگمانی وغیبت سے بچو:**	بدگمانی سے بچو، غیبت نہ کرو، بھید نہ ٹٹولا کرو۔ (سورۃ الحجرات:12)
15 **قوم وقبیلے (پہچان):**	تم سب کو ایک (ہی) مرد وعورت سے پیدا کیا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ (سورۃ الحجرات:13)
16 **عزت کا معیار:**	اللہ کے نزدیک باعزت وہ ہے جو زیادہ تقویٰ والا ہے۔ (سورۃ الحجرات:13)

17 نماز کی اہمیت: ★ قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب ہوگا۔ (سنن نسائی:470) ★ نماز میں سُستی کرنے والوں کیلئے ویل نامی جہنم کی جگہ ہے۔ (الماعون:4 تا 5) ★ نماز انسان کو بے حیائی اور بُرائی کے کاموں سے روکتی ہے۔ (سورۃ العنکبوت:45) ★ آدمی اور کفر وشرک کے درمیان فرق نماز کا چھوڑنا ہے۔ (صحیح المسلم:246 تا 248) ★ بے نمازی جہنم میں ہوگا اور کسی کی سفارش اسے فائدہ نہ دے گی۔ (المدثر:40 تا 48)

ختم نبوت: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "میں خاتم النبیّین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔" (جامع الترمذی:2219)

المصطفیٰ مرکز | قرآن وسنت کی دعوت وبالادستی | فرقہ پرستی ومسلکی تعصّبات سے بالا | اتحاد وفلاح امتِ مسلمہ

قرآن مجید وتعلیمِ مُصطفیٰ ﷺ کُتب فی سبیل اللہ حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں

کیانی سٹریٹ، نیول شرقی، بحریہ انکلیو روڈ اسلام آباد
چک شاہ پور، 2 کلومیٹر ہرن مینار موڑ سے انٹر چینج، حافظ آباد روڈ، شیخوپورہ
+92 300-5115922
almustafa markaz
almustafamarkz@gmail.com

تعلیم مصطفیٰ کُتب ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے موبائل سے QR کوڈ سکین کریں